اختیاری ماڈیول نمبر 3B　　　سبق نمبر 33 B　الکٹرانک میڈیا میں اردو کی اہمیت

سبق نمبر	سبق کا نام	زبان کی مہارتیں				عملی کام/سرگرمیاں
		سننا/ بولنا	پڑھنا	لکھنا	اصناف/ قواعد	
33B	الکٹرانک میڈیا میں اردو کی اہمیت	اردو زبان کو زندگی ہر شعبے میں استعال کرنا	الکٹرانک میڈیا میں اردو کی اہمیت	سوالات کے جوابات	الکٹرانک میڈیا میں اردو کی اہمیت	الکٹرانک میڈیا میں اردو کی اہمیت کا مطالعہ کرنا

الکٹرانک میڈیا میں اردو کی اہمیت کا تعارف:-

عوام تک خبریں پہنچانے کا اہم کام ماس میڈیا کرتا ہے۔ماس کا مطلب بہت لوگ، ہجوم میڈیا ہے۔ماس میڈیا کا ایک حصہ الکٹرانک میڈیا ہے۔آج ماس میڈیا عوام کی زندگی کا حصہ بن چکاہیں۔ماس میڈیا میں ہر وہ ذریعہ شامل ہے۔جس سے بات عوام تک پہنچائی جاتی ہے۔مگر اسکی دو اہم اقسام زیادہ رائج ہیں۔

1-پرنٹ میڈیا:-اخبار، رسائل وغیرہ

2-الکٹرانک میڈیا:-ریڈیو، ٹیلی ویژن، نیوز چینل وغیرہ

ماس میڈیا میں زبان کی بہت زیادہ اہمیت ہوتی ہے۔

ماس میڈیا میں الکٹرانک میڈیا کی اہمیت:-

ماس میڈیا کی ایک خاص قسم الکٹرانک میڈیا نے موجودہ زمانے میں عوامی زندگی پر اچھا خاصا اثر ڈالا ہے۔الکٹرانک میڈیا میں ریڈیو، فلم، ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ اور ای میل ذرائع ابلاغ شامل ہیں۔

ریڈیو:-

ریڈیو الکٹرانک میڈیا کا بہت اہم حصہ ہے۔ہمارے ملک ریڈیو کی شروعات 1927 میں ممبئی میں ایک چھوٹے اسٹیشن سے ہوئی تھی۔جسے براڈ کاسٹنگ کمپنی نے شروع کیا تھا۔ریڈیو سروس کو 1930 میں انڈین براڈ کاسٹنگ کمپنی نے آگے بڑھایا۔سن 1936 میں اس کا نام آل انڈیا ریڈیو رکھا گیا۔ملک کی آزادی کے بعد ریڈیو میں کافی تیزی سے ترقی ہوئی۔اب ایک بڑی تعداد تک اسکی آواز پہنچتی ہیں۔

فلم:-

فلم بھی الکٹرانک میڈیا کا ایک اہم خاص و مقبول ترین حصہ ہے۔آج بھی فلم عوام کے دلوں میں گھر کئے ہوئے ہیں۔ہماری فلم انڈسٹری "بالی ووڈ" کے نام سے مشہور ہے۔جس کا شمار دنیا کی بڑی انڈسٹریز میں ہوتا ہے۔فلم کی تکنیک اور اثر ٹیلی ویژن سے مختلف ہے۔

ٹیلی ویژن:-

ٹیلی ویژن الکٹرانک میڈیا کی سب سے مقبول ترین ذریعہ ہے۔اسکی شہرت نے ریڈیو اور فلم کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔

ہمارے ملک کی ٹیلی ویژن انڈسٹری کافی بڑی ہے۔اسکی عوامیت اور مقبولیت فلم انڈسٹری سے زیادہ ہے۔بہت سے افراد اس کے ذریعے اپنی روزی روٹی کمارہے ہیں۔ پچھلے چار دہائیوں میں اس صنف نے کافی ترقی حاصل کی ہے۔ دہلی میں تجرباتی طور پر یونیسکو کی مدد سے 15 ستمبر 1959 میں پہلا ٹی وی سینٹر بنایا گیا۔ سن 1972 میں مغربی جرمنی کی امداد سے ممبئی میں دوسرا ٹی وی سینٹر کا قیام کیا گیا۔ سن 1959 سے 1986 تک ٹی وی کی ترقی کافی سست رہی۔ آگے چل کر مہاراشٹر کے پونہ شہر میں ٹی وی ریلے سینٹر شروع ہوا۔اور تعلیمی پروگرامس گاؤں گاؤں تک پہنچنے لگے۔ انسیت 1 سیٹلائٹ کے ذریعے 15 اگست 1982 کو نیشنل ٹیلی کاسٹ شروع کیا گیا۔ جس کے ذریعے اہلی سے نویں ایشیاء اولمپک کھیلوں کو نشر کیا گیا۔ سن 1984 میں دوسرے چینلز کی شروعات ہوئی۔اس کے ساتھ ہی دیگر شہریوں نے بھی اس میں حصہ لینا شروع کیا۔ ٹیلی ویژن کے ذریعے بہت سے انسانی فلاحی کام کئے جارہے ہیں۔ جہاں جہاں اسکے صحیح استعمال کیا جارہا ہے وہاں وہاں یہ انسانی ایجاد بڑی مفید و کارآمد ثابت ہورہی ہیں۔ مگر اسکے کچھ مضر نقصانات اور غلط اثرات بھی ہیں۔

الکٹرانک میڈیا میں اردو زبان کی اہمیت :

اردو ہندوستان میں سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی زبان ہے۔ الکٹرانک میڈیا خاص طور پر ریڈیو میں رسم الخط کا مسئلہ نہیں ہے۔اس لئے اردو ہندی تقریباً ایک جیسی زبان ہی زبان ہے۔اور یہی الکٹرانک میڈیا کی زبان بھی ہے۔یہ زبان کیونکہ ابتداء سے ہی عوامی رابطے کی زبان رہی ہے۔اس لئے الیکٹرانک میڈیا نے اسی زبان کو ذریعۂ رابطہ بنایا ہے۔

ریڈیو اور اردو :-

ریڈیو زبان کا ہی میڈیم ہے۔ اس لیے اس میں زبان کی اہمیت سب سے زیادہ ہے۔یہاں عام زبان میں نشریات ہونے کی وجہ سے کافی مقبول ہوتی ہے۔

فلم اور اردو :-

چونکہ فلموں میں ابتداء ہی سے اردو زبان کا اثر ورسوخ رہا ہے۔تاریخی واقعات کو تاریخی زب ن میں پیش کیا جاتا رہا ہے۔جو اب تک جاری وساری ہے۔

ٹیلی ویژن اور اردو :-

ٹیلی ویژن ماس میڈیا کی صنف ہے۔اس لیے اس پر اردو زبان کا غلبہ ہے۔عام زبان میں بولی جانے والی اردو ہی ہے۔اور اس زبان کی شیرینی، سادگی اور اثرانگیزی نے ٹیلی ویژن کے ناظرین کو موہ لیا ہے۔

سمجھنے کی باتیں :-

الکٹرانک میڈیا ہماری روزمرہ زندگی کا حصہ ہے۔اس لئے اس ضمن میں بہت سے باتیں سمجھنا ضروری ہے۔الیکٹرانک میڈیا، مدس میڈیا کا مؤثر ذریعہ ہے۔۔اس میدیا کے پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا دو اہم ذرائع ہیں۔اخبارات و رسائل پرنٹ میڈیا کا جبکہ فلم، ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ، ای میل اور چینلز الکٹرانک میڈیا کا احاطہ کرتے ہیں۔

خاص باتیں :-

الیکٹرونک میڈیا اور اردو کی اہمیت بہت ہے۔ ماس میڈیا، الکٹرانک میڈیا اور پرنٹ میڈیا ہمارے روزمرہ زندگی کی ضرورتوں میں شامل ہیں۔ جس کی اہم وجہ ہماری زبان اردو ہے۔ان تمام ذرائعوں سے خبریں یا باتیں ہمیں اردو زبان میں ملتی ہے۔

متن پر مبنی سوالات

مندرجہ ذیل خالی جگہ پر کیجئے۔

1-الکٹرانک میڈیا میں سب سے زیادہ مقبول صنف ---------ہے۔ (فلم،ٹیلی ویژن،اخبار)

مختصر جواب والا سوال

پرنٹ میڈیا پر مختصراً نوٹ لکھئیے؟

مختصر جواب والا سوال

ماس میڈیا کی اقسام مختصراً بیان کیجئے؟

طویل جواب والا سوال

الکٹرانک میڈیا میں اردو کی اہمیت وافادیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے؟